روزنامہ صحافت راشکرہ
سحافا
2
CHARMINAR
www.roznamasahara.com
چارمینار
حیدرآباد۔ 11 اکتوبر 2021ء پیر

عورت کو نبوت کے بجائے انبیاء کی ماں کا عظیم مقام

ماں کی گود کو بچے کے حق میں پہلی درس گاہ کا درجہ

جامعۃ العلوم منات کے خواتین کانفرنس سے علامہ ہاشمی میاں، وزیر داخلہ جناب محمد محمود علی و دیگر کا خطاب

حیدرآباد (پریس نوٹ) بیرون متاز عالم دین علامہ سید ہاشمی میاں اشرفی الجیلانی (کچھوچھہ شریف) نے جامعۃ العلوم منات کی ایک روزہ خواتین کانفرنس بعنوان: "اسلامی معاشرہ کی تشکیل میں خواتین کا حصہ" سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ باپ کی شان بڑی ہے اور عورت کا حق زیادہ ہے، بغیر باپ کے اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پیدا کیا لیکن بغیر عورت کے اولاد کا وجود ہی ناممکن۔ عورت نبی تو نہیں ہوسکتی ہے لیکن ہر نبی کی ماں ضرور ہے۔ عورت کے مقام کو کم نہ سمجھنا چاہئے کیوں کہ عورت کا ایک مرد کی وفادار بن جاتی ہے اس سے ہونے والی تمام اولاد اس کی غلام ہوجاتی ہے۔ انہوں نے جامعۃ العلوم منات تعلیمی معیار کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ اس جامعہ میں اگر دو ہزار پانچ سو طالبات درس حاصل کررہی ہیں گویا یہ دو ہزار پانچ دعائیں دے رہیں۔ کیوں کہ ماں کی گود بچے کی پہلی درسگاہ کا حق رکھتی ہے۔ الحاج محمد محمود علی وزیر داخلہ تلنگانہ اسٹیٹ نے کہا کہ قرآن مجید اللہ کا ایسا کلام ہے جس میں حق و باطل کی بات بتائی گئی ہے۔ قرآن مجید کا احترام اور اس کے احکامات پر عمل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ اسلام نے عورتوں کو دینی و عصری تعلیم کی نہ صرف اجازت دی بلکہ ان کی تعلیم و تربیت کو اس قدر ضروری قرار دیا جس قدر مردوں کی تعلیم و تربیت کو ضروری بتایا ہے۔ لڑکے اور لڑکی میں فرق کئے بغیر دونوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کریں کیوں کہ ایک لڑکی سارے ایک خاندان کی سدھار اور ایک خاندان کی سدھار معاشرہ کی سدھار ہے۔ پروفیسر ذاکر سید بن الحسن وائس چانسلر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے کہا کہ مرد اور عورت دونوں ایک دوسرے کے ساتھ خوش اسلوبی سے پیش آئیں، مرد کو اونچا مقام اور عورت کو پست کرکے کوئی معاشرہ بھی کامیاب نہیں ہوسکتا ہے اور نہ ہوسکتا۔ ماں اور باپ دونوں کے مرتبے کا اندازہ اس بات ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے: "تم اُف تک مت کہو"۔ اور خواتین کو زور دیا کہ وہ اسوۂ رسول کو اپنائیں، عورتوں کی عزت و عظمت کو بتانے کیلئے مدارس کا قیام بہت اہم ہے کیوں کہ عورتوں کو علم دیں گے تو معاشرہ بنتا جائے گا۔ ڈاکٹر نافذ محمد مظفر حسین خان بندہ نوازی نے کہا کہ جو حقوق بیوی کے شوہر پر ہیں اسی طرح شوہروں کے حقوق بھی بیویوں پر ہیں، حضورؐ نے فرمایا ہو کوئی عورت اس حالت میں مرجائے کہ اس کا شوہر اس سے راضی ہے تو وہ جنت میں داخل ہوجائیگی۔ اور حضورؐ نے فرمایا کامل مؤمن وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہوں اور تم میں بہتر وہ ہے جو اپنے اہل کیلئے بہتر ہو۔ مولانا سید شاہ مظہر الدین قادری الجیلانی نائب پاشاہ نے کہا کہ حضرت فاطمۃ الزہراؓ کی سیرت ہمیں صبر، طہارت، پاکیزگی اور سخاوت کا درس دیتی ہیں، اور آپ کی سیرت کو اپنانا کریں تو ہی ساری عمر ناکامی ہوگی۔ ڈاکٹر مفتیہ حافظہ رضوانہ زرین پرنسپل وشیخ الحدیث جامعۃ العلوم منات نے کہا کہ حضرت فاطمہ الزہراؓ کی سیرت کو اپنانا کریں تو ہی ساری عمر ناکامی ہوگی۔ ڈاکٹر مفتیہ حافظہ رضوانہ زرین پرنسپل وشیخ الحدیث جامعۃ العلوم منات نے کہا کہ حضرت فاطمہ الزہراؓ کی سیرت ہمیں صبر، طہارت، پاکیزگی اور سخاوت کا درس دیتی ہیں، اور آپ کی سیرت کو اپنانا کریں تو ہی ساری عمر ناکامی ہوگی۔ ڈاکٹر مفتیہ حافظہ رضوانہ زرین پرنسپل وشیخ الحدیث جامعۃ العلوم منات نے کہا کہ حضرت فاطمہ الزہراؓ کی سیرت ہمیں صبر، طہارت، پاکیزگی اور سخاوت کا درس دیتی ہیں، اور آپ کی سیرت کو اپنانا کریں تو ہی ساری عمر ناکامی ہوگی۔

اسلام ایک مکمل نظام حیات، اسلامی ہدایات پر عمل کرنے کی تلقین

جامعہ فیض الاسلام وٹے پلی میں خواتین کے دینی اجتماع کا انعقاد

حیدرآباد۔ (راست) اسلام خداوند قدوس کا جہاں آخری دین ہے، وہیں عالم انسانیت کیلئے مکمل نظام حیات ہے اور زندگی کے تمام شعبوں کو جامع ترین اور دنیا و آخرت کے تمام گوشوں کو مکمل کرنے والا ہے۔ اس بات کا اظہار خیال مولوی سید سارہ رسلانی نے جامعہ فیض الاسلام سلفی اسٹریٹ وٹے پلی میں سلامی آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقدہ خواتین کے دینی وتدریسی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کسی بھی پہلو کو تاممام و نامکمل نہیں چھوڑتا ہے۔ عبادت و اطاعت سے لے کر معاملات و تعلقات، لین دین، خرید و فروخت، کاروبار تجارت و معیشت، نوکری وملازمت وغیرہ تمام چیزوں کی اسلام ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے بعد تمام مذاہب کو منسوخ کردیا ہے۔ مولویہ شاذیہ بیگم سلامی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کے انسانیت جب تمام حدیں انسانیت کی ختم کرکے یا خدا سے غافل اور انسانیت سے دور ہوگئی تھی، ایسے وقت میں ہمارے آقا کو مبعوث فرمایا اور آقاؐ نے انسانوں کو زندگی کا سلیقہ اسلام کے ذریعہ دیا۔ مولویہ نے کہا کہ دنیا میں پرسکون ماحول اور زندگی کا صحیح اسلوب اور عمدہ طریقہ اسلامی تعلیمات کے ذریعہ ہی فراہم کیا جاسکتا ہے۔ مولویہ نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلام کے مکمل نظام حیات کو اپنی زندگی میں لائیں اور طریقہ نبی کو اپنی زندگی میں عملی طور پر لانے کی کوشش کریں۔ اجتماع کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور نعت نبی سے ہوا اور دعایہ اختتام عمل میں آیا۔

حضرت عمدۃ القراء کی پچیسویں سالانہ فاتحہ تقریب رسم اجرا "خطبات انصار" و طرحی مشاعرہ

حیدرآباد (پریس ریلیز) الانصار فاؤنڈیشن حیدرآباد کے زیر اہتمام جید عالم دین عمدۃ القراء حضرت علامہ قاضی محمد انصار علی قریشی جاوید تشنہ قادری علیہ الرحمہ سابق استاذ جامعہ نظامیہ و جامعہ باقیات صالحات، ویلور کی پچیسویں سالانہ فاتحہ کے موقع پر ہفتہ 16 اکتوبر بعد نماز مغرب مدینہ خواجہ شوق بال، احاطہ درگاہ حضرت مخدوم شاہ اجرا و طرحی مشاعرہ منعقد ہوگا۔ اس کا انعقاد عمل میں آئیگا۔ پیر طریقت حضرت علامہ ڈاکٹر راحی قدائی (بنگلور) جلسے کی اور پیر طریقت حضرت مولانا سید شاہ محمد رفیع الدین قادری شرفی صدر نشین شرف نیشنل کونسل مشاعرے کی نگرانی فرمائیں گے، خلف و جانشین حضرت عمدۃ القراء حضرت قاضی ابوالبلیث شاہ محمد غضنفر علی قریشی اسدنا صدر نشین الانصار فاؤنڈیشن کی صدارت ہوگی مفکر اسلام حضرت علامہ مفتی فلیل احمد صاحب قبلہ شیخ الجامعہ جامعہ نظامیہ قاضی اسدنا کی مرتبہ حضرت عمدۃ القراء کی کتاب "خطبات انصار" کا اجرا انجام دیں گے۔ مصنف اقبال توصیفی، حضرت علامہ شاہ محمد فتح الدین لقاضی، حضرت مولانا ابوعمار عرفان اللہ شاہ نوری سیفی، حضرت مولانا سید احمد پاشاہ قادری زرین کلاہ معزز رکن انصار و معتمد کل بھی مجلس اتحاد المسلمین، حضرت علامہ سید محمد علی قادری الہاشمی معاد پاشاہ، ڈاکٹر فاروق شکیل، سردار سلیم، انور سلیم اور حافظ احمد حسین تشنہ قادری مہمان خصوصی ہوں گے قاری محمود تشنہ قادری کی تلاوت اور سید عمران مصطفی کی نعت خوانی سے جلسے کا آغاز ہوگا۔

حضرت ظہیر بن رافعؓ کو عقبہ ثانیہ میں حاضری اور غزوات میں شرکت کے اعزاز

آئی ہرک کے اجلاس سے ڈاکٹر سید محمد حمید الدین شرفی اور پروفیسر سید محمد حسیب الدین حمیدی کے لکچرس

حیدرآباد (پریس نوٹ) بنوبکر اور بنوخزاعہ کے درمیان قدیم زمانے سے آپسی عداوت تھی۔ بنوبکر قریش کے حلیف تھے اور بنوخزاعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حلیف تھے۔ صلح حدیبیہ کے شرائط میں ایک شرط یہ بھی تھی کہ دونوں فریق ایک دوسرے کے حلیفوں کے ساتھ تعرض نہ کریں۔ جس لڑائی میں بنوبکر نے بنوخزاعہ پر اچانک حملہ کرکے ان کے بیس آدمی قتل کردیئے تھے اس میں قریش نے پوشیدہ طریقہ سے بنو بکر کی مدد کی تھی۔ قریش نے یہ گمان کر رکھا تھا کہ کسی نے ان کو پہچانا نہیں ہے اور معاملہ پوشیدہ رہے گا لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اسی رات اس واقعہ کی خبر ہوگئی۔ طبرانی میں ام المؤمنین حضرت میمونہ سے یہ روایت ملتی ہے کہ ایک رات لوگوں نے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وضو کرتے ہوئے تین بار "لبیک، لبیک" اور تین بار "نصرت، نصرت" ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ حضرت میمونہؓ نے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا کہ "یارسول اللہؐ! میں نے آپ کو باتیں کرتا ہوا سنا ہے کیا کوئی شخص تھا جس سے آپ گفتگو فرما رہے تھے؟"۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "یہ راجز بن کعب تھا جو بنی خزیمہ سے ہے وہ مجھ سے مدد مانگ رہا تھا اور کہہ رہا تھا کہ قریش نے بنی بکر کی مدد کی یہاں تک کہ ہم پر شب خون مارا ہے"۔ اس واقعہ کے تین دن بعد عمرہ بن سالم خزاعی چالیس سواروں کے ساتھ مکہ سے مدینہ منورہ آیا اور جو کچھ واقعہ پیش آیا تھا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کر کے نصرت و اعانت کی درخواست

جشن میلاد النبیؐ برائے خواتین

حیدرآباد (پریس نوٹ) جامعۃ العلوم منات مطلوبہ حیدرآباد میں ۱۱ اکتوبر سے ۱۲ ربیع الاول بروز پیر عصرانہ مغرب جشن میلاد النبی کی چوتھی محفل منعقد ہوگی۔ صدارت مفتیہ حافظہ رضوانہ زرین پرنسپل وشیخ الحدیث جامعۃ العلوم منات کی صدارت میں مقرر ہے۔ محفل کا آغاز زمالہ شفا ناز عطاریہ کی قرأت، حافظہ ثمرہ عذرین کی نعت شریف سے ہوگا نظامت کے فرائض حافظہ فریدہ نورین انجام دیں گے۔ خصوصی خطاب معزز رکن انصار و معتمد کل بھی مجلس اتحاد المسلمین، حضرت علامہ سید محمد علی قادری الہاشمی معاد پاشاہ، ڈاکٹر فاروق شکیل، سردار سلیم، انور سلیم اور حافظ احمد حسین تشنہ قادری مہمان خصوصی ہوں گے قاری محمود تشنہ قادری کی تلاوت اور سید عمران مصطفی کی نعت خوانی سے جلسے کا آغاز ہوگا۔

نالوں کی صفائی میں زیادہ شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے جی ایچ ایم سی کے نئے منصوبہ

سالانہ ٹھیکوں کے ذریعہ خانگی ایجنسیوں کو مخصوص ذمہ داریاں

حیدرآباد (ایس این پی) نالوں کی صفائی میں زیادہ شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (جی ایچ ایم سی) نے جامع سڑکوں کی دیکھ بھال کے پروگرام کے تحت سالانہ ٹھیکے دینے کے بجائے تین سال تک نالوں کی صفائی کے کام خانگی ایجنسیوں کو سونپنے کا فیصلہ کیا ہے۔ شہری ادارہ نے پہلے ہی دو سال قبل شہر کی 790 کلومیٹر طویل سڑکوں کی دیکھ بھال خانگی پارٹیوں کو سونپی ہے۔ خانگی ایجنسیوں سے کہا گیا کہ وہ سڑکوں کو زون میں تقسیم کرنے کے بعد مجموعی طور پر 1,850 کروڑ روپئے کی لاگت سے پانچ سال تک سڑکوں کی دیکھ بھال کریں۔ پہلے خانگی ایجنسیوں کی وجہ سے ممکن ہوا ہے کہ شہر میں سڑکوں کی دیکھ بھال پہلے کے مقابلے میں بہتر ہوئی ہے۔ سڑکوں کی دیکھ بھال کی طرز پر جی ایچ ایم سی تین سال تک نالوں کی دیکھ بھال کا کام بھی خانگی ایجنسیوں کو سونپا چاہتا ہے۔ جی ایچ ایم سی حکام نے اس سلسلے میں ایک مشق شروع کردی ہے۔ انہوں نے حالیہ عرصہ میں پیش آنے والے مسائل پر سنجیدگی سے غور و خوض کیا۔ جی ایچ ایم سی کے مطابق کوٹ پلی، شیری گنگم پلی اور ایل بی نگر زونس میں بہت سی نالیاں ہیں۔ تاہم شہر یت آباد سکندرآباد، چارمینار میں نالوں کی لمبائی کم ہے۔ بڑیوں کو مدعو کرنے کے لئے کام کو تمام زونس میں منظم کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ اس کی شکل میں تقسیم کرنے کی منصوبہ بندی بھی جاری ہے۔ اس بات کی بھی اطلاعات ہیں کہ ٹنڈر گائیڈ لائنز فول پروف طریقے سے تیار کی جائیں گی، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تعمیراتی اشیاء کیلئے ایماندار مٹی کو خاص طور پر مقصد کے لئے مختص ٹرکوں میں ڈمپنگ یارڈ تک پہنچایا جائے گا۔ گنجی آبادیوں میں تنگ گلیوں سے گزرنے کے لئے چھوٹے احاطہ موور اور ٹرک ضروری ہیں۔ اس مقصد کے لئے خصوصی ٹرالیاں اور ٹریکٹرس کے جائیں گے۔ اس سلسلے میں انتظامات کئے جارہے ہیں۔ عہدیداروں کا کہنا ہے کہ خانگی ایجنسیوں کی تعیناتی سے یہ کام بھی میں بہتری آئے گی۔

تنظیم انور یہ میں چوتھی محفل نعت

حیدرآباد (راست) شیخ الاسلام امام اہل سنت حافظ مفتی شاہ محمد انوار اللہ فاروقی کے خلف انور ؒ کی نسبت سے موسوم تنظیم انوریہ محفل نعت کے زیر اہتمام آج بتاریخ 11 اکتوبر بروز پیر بعد نماز عشاء تالاب کملہ المان نگر (پی) کنز مسجد حاجی محمد نذیر (مصطفی باغ) پہ مکان محمد شعیب چوتھی محفل نعت کا انعقاد عمل میں آئیگا۔ پیر طریقت حضرت مولانا سید شاہ محمد انس قادری سجادہ نشین درگاہ حضرت مخدوم شاہ اسلم جاوید تشنہ قادری صدارت و نگرانی کریں گے۔ مولانا ابوعبدالرحمان شاہ محمد